## ذاتی جائزہ:6

| نمبر شمار | برائی پر زبان کھولنا اللہ کو پسند نہیں | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
| 1 | میں جب کسی میں کوئی برائی دیکھتا/دیکھتی ہوں تو برائی کرنے والے کو نہیں بلکہ اس برائی کو برا سمجھتا/ سمجھتی ہوں؟ | | |
| 2 | میں کسی کے اندر کوئی برائی دیکھوں تو اس کو تنہائی میں سمجھاتا/ سمجھاتی ہوں؟ اس کی برائی کا ذکر کسی اور سے نہیں کرتا/ کرتی ؟ | | |
| 3 | میں اپنی زبان کی حفاظت کرتا/ کرتی ہوں اور ایسی بات کہنے سے بچتا/ بچتی ہوں جو اللہ کی ناراضگی کا باعث بنے ؟ | | |
| 4 | میں زبان سے کیے جانے والے کبیرہ گناہوں مثلاً غیبت، چغلی، جھوٹ، عیب جوئی، طعنہ زنی، فحش گوئی، تہمت لگانا اور بہتان بازی، سے بچنے کی پوری کوشش کرتا/کرتی ہوں؟ | | |
| 5 | میں زبان کی برائیوں سے بچنے کے لیے اپنی زبان کو ذکر الٰہی میں مصروف رکھنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 6 | میں ہر ایک سے اچھے اخلاق سے پیش آنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 7 | میں لغو اور بے مقصد گفتگو سے بچنے کی کوشش اور دعا کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 8 | میں فائدے کی بات بولتا/بولتی ہوں ورنہ خاموش رہنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 9 | میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتا/دیتی ہوں؟ | | |
| 10 | میں اللہ تعالیٰ سے اس کے پسندیدہ کاموں کی توفیق مانگتا/مانگتی ہوں؟ | | |
| 11 | میں کھلم کھلا اور چھپے ہر گناہ سے بچنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 12 | مجھ سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو میں اس کا کسی کے سامنے ذکر نہیں کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 13 | میں کسی کے بارے میں یہ فتویٰ جاری نہیں کرتا/ کرتی کہ اللہ تمہیں نہیں بخشے گا؟ | | |
| 14 | میں جاہلوں سے اعراض برتنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 15 | میں حق پر رہتے ہوئے اللہ کی خاطر جھگڑا چھوڑ دیتا/دیتی ہوں؟ | | |
| 16 | میں تکلیف کے وقت صبر کرتا/ کرتی ہوں؟ اور شکوے شکایات سے اجتناب کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 17 | میں تکلیف دینے والوں سے بدلہ نہیں لیتا/لیتی ؟ | | |
| 18 | میں لوگوں سے درگزر سے کام لیتا/لیتی ہوں اور برائی کا جواب احسن طریقے سے دیتا/دیتی ہوں؟ | | |
| 19 | میں کسی دوسرے پر ظلم کرنے یا کوئی مجھ پر ظلم کرے اس سے پناہ کی دعا کرتا رہتا/ کرتی رہتی ہوں؟ | | |
| 20 | اگر کوئی مجھ پر ظلم کرے تو میں اللہ سے دعا مانگتا/مانگتی ہوں کہ اے اللہ! ظالم کے خلاف میری مدد فرما؟ | | |
| 21 | میں اپنے اوپر کیے گئے ظلم کا ذکر صرف متعلقہ شخص (جو ظالم کو ظلم کرنے سے روک سکے) کے سامنے کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 22 | اگر کوئی مجھ پر ظلم کرے تو میں اس کو معاف کر دیتا/دیتی ہوں؟ | | |
| 23 | میں ظلم کرنے والے کے حق میں بھی دعائے خیر کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 24 | میں غصے کی حالت میں بھی کسی پر لعنت نہیں بھیجتا/ بھیجتی ہوں؟ | | |
| 25 | مجھ سے غصہ کی حالت میں کسی کے ساتھ کوئی زیادتی ہو جائے تو میں اس کے لیے دعا کرتا/ کرتی ہوں؟ | | |
| 26 | میں غصہ کی حالت میں بھی اللہ سے حق بات کہنے کی توفیق مانگتا/مانگتی ہوں؟ | | |

### زبان کی درستگی کی دعا

اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ، وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ قَلْبِیْ۔[مسند احمد:1997]

اے اللہ! میرے دل کو راہ نمائی عطا فرما اور میری زبان کو درستگی عطا فرما اور میرے دل کے کینے کو دور فرما۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION